نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی ساہو کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ لاہور میں کپاس کی صورتحال سے متعلق ڈویژنل جائزہ اجلاس کا انعقاد۔

لاہور: 11 جولائی 2023 (   ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی ساہو نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کاٹن ایکشن پلان پر عملدرآمد کی خود مانیٹرنگ کر رہے ہیں۔ کپاس کی فصل نازک مرحلہ میں داخل ہے۔ کپاس کے پیداواری ہدف کے حصول کے لئے تمام ڈویژنل ڈائریکٹرز فصل کی مینجمنٹ پر خصوصی توجہ دیں۔اس کے علاوہ کسان سہولت سنٹرز پر پراڈکٹس کے اسٹاک پوزیشن اور اس کی مقرر کردہ نرخوں پر فراہمی کیلئے مانیٹرنگ کریں۔ وہ آج سول سیکرٹریٹ لاہور میں ساہیوال، فیصل آباد اور سرگودھا ڈویژن میں کپاس کی صورتحال سے متعلق منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرل زراعت (پیسٹ وارننگ) پنجاب رانا فقیر احمد، ڈائریکٹر جنرل زراعت (کراپ رپورٹنگ) پنجاب ڈاکٹر عبد القیوم، ڈائریکٹر زراعت (توسیع) ہیڈ کوارٹرز لاہور سمیت دیگر افسران نے شرکت کی جبکہ ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) پنجاب ڈاکٹر محمد انجم علی سمیت ساہیوال ، فیصل آباد اور سرگودھا ڈویژن کے ڈائریکٹرز زراعت (توسیع) نے آن لائن شرکت کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر زراعت (توسیع) ساہیوال ڈویژن نے سیکرٹری زراعت پنجاب کو بریف کرتے ہوئے بتایا کہ ساہیوال ڈویژن میں 7 سہولت مرکز کام کر رہے ہیں جس سے اب تک 24 لاکھ روپے سے زائد کی زرعی ادویات کاشتکاروں نے خرید کی ہے ۔اب تک 119 زرعی ادویات کے سیمپل چیک کئے گئے ہیں اور غیر معیاری زرعی ادویات کی تیاری میں ملوث افراد کے خلاف 20 ریڈ کئے گئے ہیں اور ان کے خلاف 24 ایف آئی آرز کا اندراج عمل میں لایا گیا ہے۔اس مہم کے دوران 58 لاکھ 77 ہزار روپے مالیت کی غیر معیاری زرعی ادویات کو ضبط کیا گیا ہے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے جعلی وغیر معیاری زرعی زہروں کی فروخت میں ملوث افراد کے خلاف خفیہ معلومات کی بنیاد پر جاری آپریشنز میں تیزی لانے اور اس جرم میں ملوث افراد کے خلاف ایم پی او (Maintainence of Public Order) کے تحت مقدمات کا اندراج کروانے کی ہدایت کی۔اجلاس میں ڈائریکٹر زراعت (توسیع) فیصل آباد ڈویژن نے سیکرٹری زراعت پنجاب کو بریف کرتے ہوئے بتایا کہ ضرررساں کیڑوں کی سرویلنس اور کنٹرول کے لئے 162 ٹیمیں کام کر رہی ہیں۔جعلی زرعی ادویات کے خلاف جاری مہم کے دوران اب تک 19 ریڈ کئے گئے اور اس جرم میں ملوث 11 افراد کو حوالہ پولیس کیا گیا۔سرگودھا ڈویژن سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ کپاس کی صورتحال اب تک تسلی بخش ہے اور ڈویژن میں 4 سہولت سینٹرز کام کر رہے ہیں جہاں کاشتکاروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جارہی ہے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ اگلے دو ماہ کپاس کیلئے نہایت اہم ہیں۔تمام ڈویژنل ڈائریکٹرز فیلڈ انسپکشن کو بڑھائیں اور ڈویژنل ایکسپرٹ گروپس کے ہمراہ فیلڈ میں جا کر کاشتکاروں کی فنی راہنمائی کریں۔

☆☆☆☆